**<u>دماغی صحت سے متعلق آزاد وکیل کی طرف سے مدد</u>**

**آپ کو دماغی صحت سے متعلق ایک آزاد وکیل کی مدد لینے کا پورا حق ہے اگر آپ مدد لینا چاہتے ہیں۔ یہ وکلاء آپ کی نگہداشت کرنے والوں سے آزاد ہوتے ہیں۔**

**آپ کی نگہداشت وعلاج، آپ کو اسپتال میں رکھنے کی وجوہات، اور اس کا کیا مطلب ہے نیز آپ کے حقوق کیا ہیں، ان سب امور کے بارے میں معلومات حاصل کرنے میں یہ لوگ آپ کی مدد کرسکتے ہیں۔ یہ لوگ آپ سے ملاقات کرنے اور آپ کی ان ساری باتوں کو سمجھنے میں مدد کرنے کی غرض سے آپ کے پاس آسکتے ہیں جو آپ کی نگھداشت اور علاج میں مصروف لوگ آپ کو بتاتے ہیں۔ اگر آپ چاہتے ہیں تو یہ لوگ آپ کی ان لوگوں سے بات کرنے میں مدد کرسکتے ہیں یا یہ لوگ آپ کی طرف سے خود ان سے بات کرسکتے ہیں۔ یہ لوگ ٹربیونل میں بھی آپ کی مدد کرسکتے ہیں۔**

**آپ دماغی صحت سے متعلق آزاد وکالت سروس سے بذات خور رابطہ کرسکتے ہیں۔**

**وہاں کوئی ٹیلیفون ہونا چاہئے جس کے ذریعہ آپ وکالت سروس سے رابطہ کرسکیں اور ان سے علیحدگی میں بات کرسکیں۔ آپ اسٹاف کے کسی بھی ممبر سے یہ پوچھ سکتے ہیں کہ ٹیلیفون کہاں ہے۔**

**وکالت سروس کا ٹیلیفون نمبر ہے:**